# اِدارۂ اخوانُ السّادات گلاؤٹھی (رجسٹرڈ) کراچی

رابطہ کمیٹی

چیئرمین

**خرم واسطی**

(ممبران)

**سید محمد علی زیدی**

**سید بدرعالم زیدی**

**سید سلمان غنی**

**سید عارف حسن**

**مسز فرحانہ راشد**

صدر:

**سید صفدرعلی**

سیکریٹری:

**سید وسیم ھاشمی**

سیکریٹری مالیات:

**سید فرخ غنی**

## رابطہ نومبر دسمبر 2005ء

محترم اراکین ادارہ!

اسلام وعلیکم

''رابطہ'' کا شمارہ احباب نے ملاحظہ فرمایا۔ ادارہ کی مینیجنگ کمیٹی کی حالیہ میٹنگ میں ''رابطہ'' کی اشاعت پر اطمینان کا اظہار کیا اور متعلقہ اشاعتی کمیٹی کی مساعی تعریف کی۔

کامیابی کی اس منزل پر میں شکرگزاری کا فرض ادا کرنا چاہوں گا کہ معتمد ادارہ ہر مرحلے میں میری رہنمائی فرماتے ہیں اور ان احباب کا بھی کہ جو ہمیں اشاعتی مواد فراہم کرنے میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ امید ہے کہ آئندہ ماہ و سال میں ''رابطہ'' خوب سے خوب تر نظر آتا رہے گا۔

اس مرتبہ رابطہ کی اشاعت میں کچھ تاخیر ہو رہی ہے۔ دراصل ماہ و سال کی اس گردش میں کچھ لمحات خوشی یا غم کے حوالے سے انمٹ ہو جاتے ہیں کاروبارِ حیات متاثر ہوتا ہے اور شب و روز کے اُمور میں تعطل واقع ہو جاتا ہے۔

۲۱ فروری ۲۰۰۶ء میری اور میرے اہل خانہ کی زندگی میں کبھی نہ فراموش ہونے والا دن ہے۔ اس دن میری والدہ ماجدہ اپنے تمام دنیاوی فرائض سے سبکدوش ہو کر برضائے الٰہی اس جہانِ فانی سے رخصت ہو گئیں۔ یہ صدمہ کیسے برداشت ہوتا ہے؟ اس کا جواب دینے سے الفاظ قاصر ہیں۔ البتہ اس فطری میلان پر حیاتِ انسانی قائم رہتی ہے کہ توفیق صبر و استقامت فقط ذاتِ الٰہی کی دین ہے۔ اسی طرح عزیز و اقارب اور احباب کی محبت اور حوصلہ بخشی بھی نعمتِ خداوندی ہے۔ ان عظیم سہاروں نے ان دنوں میری طبیعت کو جو استحکام عطا کیا ہے اُسکے لئے میں تہہ دل سے خالق و مالک اور تمام محبان کا شکرگزار رہوں۔

برادری اراکین، قارئین اور معزز احباب سے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

تمام احباب کی خدمت میں درخواست گذار ہوں کہ آپ کی توجہ اور تعاون بدرجہ اتم مطلوب ہے۔ یقین جانیے کہ یہ عمل ہمارے لئے تمام اہداف کو حاصل کر لینے کی بنیاد ہے۔

والسلام

خرم واسطی

چیئرمین رابطہ کمیٹی ادارہ

معزز اراکین ادارہ!

السلام وعلیکم۔

''رابطہ'' کا تیسرا شمارہ آپ کی نذر ہے۔ گذشتہ چھ ماہ کی کارکردگی کا جائزہ حالیہ ''گیٹ ٹوگیدر'' کے موقع پر پیش کیا جا چکا ہے۔ اس تقریب کی جھلکیاں اب یہاں پیش کی جا رہی ہیں۔ 4 مارچ 2006ء کی یادگار ساعتوں میں PIA گارڈن کے لان پر یہ تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب کا آغاز کلام الٰہی سے ہوا۔ فریضہ تلاوت محترم سید محبوب حسن واسطی صاحب نے ادا فرمایا جو ادارے کے سابق صدر بھی ہیں۔ بعد از تلاوت برادری کے محترم بزرگ مولانا سید صلح الحسینی صاحب نے ادارے کے مرحوم اراکین کیلئے دعائے مغفرت فرمائی۔ خصوصاً ادارے کی تاحیات رکن محترمہ سیدہ ریحان واسطی صاحبہ کیلئے مغفرت اور انکے متعلقین کے لئے صبر و استقامت کی دعا کی گئی۔ مرحومہ 21 فروری 2006 کو خالق حقیقی سے جا ملیں۔ مرحومہ محترم سید مبشر حسن واسطی صاحب کی بیگم صاحبہ اور ادارے کے موجودہ جوائنٹ سیکریٹری جناب خرم واسطی صاحب کی والدہ ماجدہ تھیں۔ مولانا صاحب نے اپنے پرتاثیر انداز میں امت مسلمہ کے لئے خیر کثیر کی دعا بھی فرمائی۔

دُعائیہ کلمات کی ادائیگی کے بعد ''ادارہ اخوان السادات گلاؤٹھی'' کی گذشتہ چھ ماہ کی تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی۔ اس رپورٹ کے تفصیلی اظہار کا ایک مقصد آئندہ کیلئے برادری اراکین سے مشاورت حاصل کرنے کا جواز فراہم کرنا بھی تھا۔ اس کے علاوہ ادارے کی حکمتِ عملی کو مستقبلِ قریب کیلئے جن خطوط پر مرتب کیا گیا ہے معتمد ادارہ نے اس کی ضروری وضاحت بھی پیش کی۔ بعد ازاں ادارے کے صدر محترم سید صفدر علی صاحب نے ادارے کی مینیجنگ کمیٹی ممبران، اراکین برادری اور تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے آج کی تقریب کو کامیاب اور خوشگوار بنانے میں جس دلچسپی کا مظاہرہ کی وہ لائقِ تحسین ہے۔ آپ نے برادری کے اراکین سے گذارش کی کہ وہ اپنے ادارے کو مزید تقویت بہم پہنچانے کیلئے رکنیت سازی کے عمل کو آگے بڑھائیں۔ اس سلسلے میں آپ نے مشورہ دیا کہ برادری کے ہر گھر سے کم سے کم ایک رکن ممبر شپ ضرور حاصل کرے۔ آپ نے اِس عمل کو مزید جاری رکھنے کا اعادہ کرتے ہوئے مستقبل قریب میں مزید تقاریب کے انعقاد کے ارادے کا بھی اظہار فرمایا۔

صدارتی خطاب کے بعد انعامی کوپن کی قرعہ اندازی کا عمل شروع ہوا۔کوپن نمبر 236, 238, 184, 205, 249اور 218 بالترتیب انعام کے حقدار قرار پائے۔انعامات محترم سید صفدر علی صاحب نے تقسیم کئے۔اس موقع پر ڈیٹا بینک کے فارم پُر کرنے کی ہدایت بھی کی گئی۔

''کلامِ شاعر بزبانِ شاعر'' اس تقریب کا نہایت دلکش حصہ رہا۔مہمان شاعرہ محترمہ ذکیہ غزل صاحبہ نے معتمدِ ادارہ کی درخواست پر اپنی غزل بعنوانِ ''تعمیرِ نو'' حالیہ تباہ کن زلزلوں کے حوالے سے پیش فرمائی، جسے بہت سراہا گیا۔
اس موقع پر محترمہ نے چند دوہے بھی پیش فرمائے جو یقیناً اس تقریب کا یادگار حصہ رہیں گے۔ادارہ اس جذبۂ خیر سگالی پر محترمہ ذکیہ غزل صاحبہ کا شکر گزار ہے۔
''نوبیاہتا'' جوڑوں کو کلام پاک کا تحفہ پیش کیا گیا۔تقسیم تحائف کے سلسلے میں ایسے ''نوبیاہتا'' کو بھی دعوت دی گئی کہ جن کے نام ادارے کے علم میں نہیں تھے، انہیں ادارہ سے رابطہ کرنے کا مشورہ دیا گیا۔
برادری کے جن ہونہار طالبعلموں نے میٹرک، انٹر اور گریجویٹ لیول پر نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں انہیں ادارے کی جانب سے امتیازی اسناد دی گئیں۔اس کے علاوہ ادارہ جن طالبعلموں کی کامیابی سے ادارہ اب تک آگاہ نہیں ہو سکا ہے ان سے بھی اپنی کامیابیوں سے ادارے کو مطلع کرنے کیلئے کہا گیا تاکہ انہیں بھی توصیفی اسناد عطا کی جائیں۔

تقسیمِ اسناد کا عمل محترم ایس این اے جعفری صاحب نے انجام دیا۔تقسیمِ اسناد کا عمل مکمل ہونے کے بعد معتمد نے اظہارِ تشکر کیلئے محترم سید سلمان غنی صاحب کو دعوت دی۔موصوف نے حاضرین کی خدمت میں شکر گذاری کے کلمات ادا کئے کہ آپ نے اپنا قیمتی وقت اس تقریب کی نذر فرما کر ادارے سے اپنی عملی وابستگی کا اظہار فرمایا ہے۔آپ نے خواتین کا بالخصوص شکریہ ادا کیا اور انہیں ادارے کے معاملات میں خصوصی دلچسپی لیتے رہنے کا مشورہ دیا۔

آپ کے اشتراکِ عمل اور ''رابطہ'' سے متعلق مفید آراء کا ہمیشہ کی طرح انتظار رہے گا۔

والسلام

(سید وسیم الدین ہاشمی)

معتمد ادارہ

## مبارکبادیاں / اطلاعات

ا) ادارے کے رکن جناب سید آفتاب عالم زیدی صاحب کے فرزند سید شاہ عالم زیدی اور سید نوید آفتاب زیدی کی شادی ماہ جنوری 2006 میں کراچی میں بحسن اہتمام انجام پائی۔ادارہ کی جانب سے پرخلوص مبارکباد۔

۲) ۳۰ جنوری 200 کو بمقام مرکز کھیل وثقافت فیڈرل ''بی'' ایریا کراچی میں جناب عدنان رشید ولد سید رشید احمد (مرحوم) کی تقریب ولیمہ میں برادری کے حضرات کی کثیر تعداد نے شرکت فرمائی۔ ادارہ دلی مبارکباد پیش کرتا ہے۔

۳) حکیم سید جمیل احمد واسطی (مرحوم) کی پوتی اور جناب شکیل احمد واسطی کی بیٹی سیدہ نشاط واسطی کی رسم رخصتی 4 فروری 2006ء کو سینٹرم لان کراچی میں بخیر وخوبی انجام پائی۔ ادارہ تابناک مستقبل کیلئے دعا گو ہے۔

۴) عافیہ ناظم بنت سید ناظم الدین کی رسم منگنی جناب اویس ولد عاصم صاحب سے 13 جنوری 2006ء کو لاثانیہ ہوٹل میں انجام پائی۔ دونوں طرف احباب نے شرکت فرمائی۔ ادارہ روشن مستقبل کیلئے دعا گو ہے۔

۵) سیدہ صفعیہ صفدر بنت سید صفدر علی کی منگنی جناب سید شہزاد علی ولد سید لیاقت علی کے ساتھ مورخہ 11 فروری 2006ء کو ادا کی گئی۔ ادارہ متعلقہ گھرانوں کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

۶) مولانا اصلح الحسینی صاحب کی نواسی روحما سیدہ نے کراچی یونیورسٹی نے فزیکل کیمسٹری میں فرسٹ پوزیشن حاصل کی۔ انہیں ''سر آدم جی ''گولڈ میڈل کا حق دار قرار دیا گیا۔ اس نمایاں کامیابی پر ادارہ کی جانب سے دلی مبارکباد اور پر خلوص دعائیں۔

۸) سید ہمایوں احسن ولد سید محمد احسن واسطی نے MSC MPA کراچی یونیورسٹی سے امتیازی نمبروں سے پاس کیا ادارہ مبارکباد پیش کرتا ہے۔

۹) ڈاکٹر سید امجد علی جعفری صاحب کو حکومت پاکستان کی ہومیوپیتھی نیشنل کونسل نے اعلیٰ طبی خدمات کی انجام دہی پر حسنِ کارکردگی ایوارڈ عطا کیا ہے۔ ادارہ اس ایوارڈ کے حصول پر ڈاکٹر سید امجد علی جعفری صاحب اور انکے متعلقین کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہے۔

۱۰) ادارہ برادری کے ان تمام اراکین کو مبارکباد پیش کرتا ہے کہ جنہیں اس سال حج کی سعادت حاصل ہوئی۔ اُن صاحبان سعادت حج کی خدمت میں ادارہ درخواست گزار ہے کہ اپنی دعاؤں میں ''ادارہ اخوان السادات گلاوٹھی'' کے کامیاب مستقبل کو شامل رکھیں۔

نوٹ: ''ادارے کے تمام برادری اراکین سے التماس ہے کہ اپنے گھرانے کی شادی بیاہ سے متعلق یا دیگر اہم خبریں ادارے کے دفتر ضرور پہنچائیں تاکہ انہیں برادری کے رسالے رابطہ میں شامل کیا جا سکے۔''

## تبدیلی پتہ

۱) سید فرخ غنی صاحب کا موجودہ پتہ ہے:۔

۲) A-129 بلاک نمبر 14، گلستان جوہر، کراچی۔

i) رہائشی فون نمبر 021-4632387

ii) دفتری فون نمبر 021-2472945

iii) موبائل نمبر 0321-2005878

۲) سید ہمایوں اشتیاق صاحب:۔

موجودہ پتہ: پلاٹ نمبر 7 کمرشل 8 یاسین آباد، کراچی ۔

دفتری فون نمبر 4552461

موبائل نمبر 0321-8206100

۳) سید آصف جمیل صاحب:۔

موجودہ پتہ: چیمبر 308، کاشف سینٹر، شاہراہ فیصل، کراچی ۔

دفتری فون نمبر: 5662431

۴) سید خرم نظام صاحب:۔

موجودہ پتہ: مکان نمبر 224، بلاک نمبر 2، فیلکان کمپلیکس، ایئر فورس ہاؤسنگ اسکیم، شہید ملت روڈ، کراچی ۔

۵) منیجنگ کمیٹی کے وائس پریذیڈنٹ محترم ایس۔ این۔ جعفری صاحب کا آفس فون تبدیل ہو گیا ہے۔ نئے نمبر نوٹ فرمالیں:

بورڈ نمبر ہے: 111-364-111

ڈائریکٹ نمبرز: (1) 5204650

(2) 5630884

## انتقال پُر ملال

☆ ادارے کی تاحیات رکن محترمہ سیدہ ریحانہ واسطی برضائے الٰہی سے مورخہ ۲۱ فروری ۲۰۰۶ء کو جہانِ فانی سے رخصت ہوئیں۔ آپ محترم سید مبشر حسن واسطی صاحب کی خوش دامن اور ادارے کے جوائنٹ سیکریٹری جناب سید خرم واسطی صاحب کی والدہ تھیں۔ ادارے کیلئے آپ کی خدمات ہمیشہ یادگار رہیں گی۔ "اخوان السادات گلاؤٹھی" کی منیجنگ کمیٹی کے تمام ممبران و دیگر اراکین مرحومہ کی مغفرت اور اعلیٰ درجات کیلئے دست بدعا ہیں پروردگار انھیں اپنے محبوب بندوں میں شمار فرمائے ارو متعلقین کو صبر جمیل کی استقامت عطا فرمائے۔

آمین

☆ ہماری برادری کے بزرگ جناب سید احمد علی صاحب برضائے الٰہی انتقال فرما گئے ہیں، اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے ارو مرحوم کے متعلقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ادارہ آپ کی مغفرت اور اعلیٰ درجات کے لئے دعا گو ہے۔